# ماہ صَفَر کےواقعات اوراعمالِ مشترک

<"xml encoding="UTF-8?>

ماہ صَفَر کےواقعات اوراعمالِ مشترک

صفر
(صفر الخیر یا صفر المظفر) اسلامی سال کا دوسرا مہینہ ہے۔

صفر کے معنی خالی ہونے کے ہیں۔ اس نام کی وجہ یہ ہے کہ چونکہ یہ مہینہ محرم کے مہینے کے بعد ہے اور زمان جاہلیت میں کیونکہ لوگ محرم میں جنگ نہیں کرتے تھے کیونکہ یہ مہینہ جنگ کے لئے حرام تھا، اس لئے صفر کے شروع ہوتے ہی لوگ جنگ کی طرف رجوع کرتے تھے اور گھر خالی ہو جاتے تھے اس لئے اس مہینے کو صفر کا نام دیا گیا ہے۔

اہمیت
ماہ محرم کے بعد، یہ مہینہ بھی اہل تشیع کے نزدیک غم و حزن کا مہینہ ہے، حضرت پیغمبر اکرم (ص) کی رحلت، امام حسن مجتبی (ع)، امام رضا (ع) کی شہادت اور اربعین حسینی اسی مہینے میں ہیں۔

مشہور ہے کہ صفر کا مہینہ بالخصوص اس مہینے کا آخری بدھ نحس ہے، لیکن اس کے بارے میں کوئی خاص روایت موجود نہیں ہے۔[1]
کچھ منابع کے مطابق حضرت پیغمبر اکرم (ص) نے ماہ صفر کے بارے میں یوں فرمایا ہے: جو شخص بھی اس مہینے کے ختم ہونے کی خبر مجھے سنائے گا، میں اس کو بہشت کی بشارت دوں گا. اس روایت کی کوئی صحیح سند موجود نہیں لیکن عام طور پر اس روایت کے راوی کو ابوذر غفاری سے نسبت دی گئی ہے.
ماہ صَفَر کےاعمالِ مشترک
اس دعا کا پڑھنا:
یا شَدیدَ الْقُوی وَیا شَدیدَ الْمِحالِ یا عَزیزُ یا عَزیزُ یا عَزیزُ ذَلَّتْ بِعَظَمَتِکَ جَمیعُ خَلْقِکَ فَاکْفِنی شَرَّ خَلْقِکَ یا مُحْسِنُ یا مُجْمِلُ یا مُنْعِمُ یا مُفْضِلُ یا لا اِلهَ اِلاّ اَنْتَ سُبْحانَکَ اِنّی کُنْتُ مِنَ الظّالِمینَ فَاسْتَجَبْنا لَهُ وَنَجَّیْناهُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنینَ وَصَلَّی اللّهُ عَلی مُحَمَّدٍ وَ الِهِ الطَّیِّبینَ الطّاهِرینَ.
تیسرے دن
دو رکعت نماز ادا کی جائے؛ پہلے رکعت میں سورت "الحمد" اور سورت "فتح"، اور دوسری رکعت میں سورت "الحمد" اور سورت "اخلاص". نماز پڑھنے کے بعد سو بار "صلوات" اور پھر سو مرتبہ کہے:

"اَللَّهُمَّ الْعَنْ الَ اَبي سُفْيانَ"،

اور سو مرتبہ استغفار.
بیسویں دن (چہلم)

زیارت مخصوص اربعین کا پڑھنا
ماہ صفر کے اہم واقعات مختصر
اسیران کربلا و شہداء کے سروں کو شام میں داخل کیا گیا۔ (1 محرم سنہ 61 ہجری)
شہادت امام حسن مجتبی علیہ السلام (ایک روایت کے مطابق) (7 صفر سنہ 50 ہجری)
ولادت امام موسی کاظم علیہ السلام (7 صفر سنہ 128 ہجری)
وفات آیت اللہ سید شہاب الدین مرعشی نجفی (7 صفر سنہ 1411 ہجری)
چہلم امام حسین علیہ السلام (20 محرم سنہ 61 ہجری)
وفات پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم (28 صفر سنہ 11 ہجری)
شہادت امام حسن مجتبی علیہ السلام (28 صفر سنہ 50 ہجری)
شہادت امام علی رضا علیہ السلام (آخر صفر سنہ 203 ہجری)

ماہ صفر کے اہم واقعات

ہجری قمری سال کے صفر کے مہینے میں بہت سارے واقعات رونما ہوئے ہیں جن میں اربعین حسینی اور پیغمبر اکرمؐ کی رحلت نیز امام حسنؑ اور امام رضاؑ کی شہادت اس مہینے میں واقع ہونے والے اہم واقعات میں سے ہیں۔

پہلا دن
امام علیؑ اور معاویہ کے درمیان جنگ صفین کے آخری مرحلے کا آغاز (37ھ)
امام حسینؑ کے اہل بیت کو امامؑ اور شہداء کے سروں کے ہمراہ شام وارد کیا گیا (61ھ)
دوسرا دن
اہل بیت امام حسینؑ کو یزید کی مجلس میں حاضر کرنا (61ھ)
بنی امیہ کی حکومت کے خلاف قیام کے دوران زید بن علی الحسینؑ کی شہادت (121ھ)
احمد بن امین کی وفات (1390ھ)
تیسرا دن
سیدہ نفیسہ کی وفات (208ھ)
ابن سینا کی ولادت (370ھ)
آیت اللہ سید جواد قمی کی وفات (1303ھ)
چوتھا دن
آیت اللہ محمد علی شاہ آبادی کی وفات (1369ھ)
پانچواں دن
امام حسینؑ کی بیٹی حضرت رقیہ کی شہادت (61ھ)
آیت اللہ محمد علی معصومی کی وفات (1372ھ)
چھٹا دن
سید محمد حسین بہجت(شہریار) کی وفات (1409ھ)
ساتواں دن

امام حسن مجتبیؑ کی شہادت (ایک قول کے مطابق) (50ھ)
امام موسی کاظمؑ کی ولادت (128ھ)
آیت اللہ مرعشی کی وفات (1411ھ)
آٹھواں دن
سلمان فارسی کی وفات (35ھ)
آیت اللہ سید ابوالقاسم خویی کی وفات (1413ھ)
نواں دن
جنگ صفین میں عمار یاسر اور خزیمہ بن ثابت کی شہادت (37ھ)
امام علیؑ اور خوارج کے درمیان جنگ نہروان کا واقع ہونا (38ھ)
آیت اللہ میرزا عبدالرحیم کلیبری کی وفات (1334ھ)
آیت اللہ سید محمد حسین حسینی تہرانی کی وفات (1416ھ)
آیت اللہ محمد رضا توسلی کی وفات (1429ھ)
دسواں دن
آیت اللہ ملا جعفر شریعت مدار تہرانی کی وفات (1263ھ)
آیت اللہ سید عبدالہادی شیرازی کی وفات (1382ھ)
آیت اللہ محمد باقر ملکی میانجی کی وفات (1419ھ)
گیارہواں دن
جنگ صفین میں لیلۃ الھریر (37ھ)
آیت اللہ محمد علی اردوبادی کی وفات (1380ھ)
بارہواں دن
حضرت موسی کے بھائی حضرت ہارون کی وفات
جنگ صفین میں حکمیت کا واقعہ
آیت اللہ سید جلال الدین آشتیانی کی وفات (1426ھ)
آیت اللہ سید علی گلپایگانی کی وفات (1432ھ)
آیت اللہ شیخ محمد شاہ آبادی کی وفات (1433ھ)
تیرہواں دن
آیت اللہ میر سید علی نجف آبادی کی وفات (1362ھ)
چودواں دن
امام علیؑ کے صحابی محمد بن ابی بکر کی مصر میں معاویہ کے توسط شہادت (38ھ)
ملا محسن فیض کاشانی کی ولادت (1007ھ)
آیت اللہ میرزا عبدالرحیم ایروانی کی وفات (1294ھ)
آیت اللہ شیخ محمد تقی بجنوردی کی وفات (1314ھ)
آیت اللہ ملا علی خیابانی کی وفات (1367ھ)
پندرہواں دن

پیغمبرؐ کی بیماری کی شروعات (11ھ)

آخری اموی خلیفہ مروان حمار کی خلافت کا آغاز (127ھ)

سلسلہ صفویہ میں شاہ طہماسب اول اور سلطنت شاہ اسماعیل دوم کی وفات (984ھ)

آیت اللہ محمد باقر فشارکی کی وفات(1338ھ)

سولہواں دن

آیت اللہ میرزا مصطفی مجتہد تبریزی کی وفات (1337ھ)

آیت اللہ سید یحییٰ مدرسی یزدی کی وفات (1383ھ)

سترہواں دن

اٹھاروان دن

آیت اللہ میر حامد حسین ہندی کی وفات (1306ھ)

آیت اللہ شیخ باقر کاظمینی کی وفات (1326ھ)

آیت اللہ احمد اهری کی وفات (1388ھ)

انیسواں دن

آیت اللہ سید مرتضی لنگرودی کی وفات (1383ھ)

آیت اللہ آقا مجتبی تہرانی کی وفات (1434ھ)

بیسواں دن

اربعین امام حسینؑ

امام حسینؑ کے اہل بیت کا کربلا میں ورود (61ھ)

کربلا میں جابر بن عبداللہ انصاری کا زیارت کے لئے جانا (61ھ)

امام حسینؑ کے سر مبارک کا بدن مطہر کے ساتھ ملحق ہونا (61ھ)

آیت اللہ شیخ جعفر شوشتری کی وفات (1303ھ)

آیت اللہ سید شہاب الدین مرعشی نجفی (1315ھ)

آیت اللہ محمد علی العمری کی وفات (1432ھ)

اکیسواں دن

بائیسواں دن

آیت اللہ میرزا محمد باقر خوانساری کی ولادت (1226ھ)

تئیسواں دن

آیت اللہ محمد باقر آقا نجفی اصفہانی کی وفات (1301ھ)

چوبیسواں دن

عباسی خلافت کی 500 سالہ حکومت کا اختتام (656ھ)

آیت اللہ میرزا علی غروی تبریزی کی شہادت (1419ھ)

پچیسواں دن

پیغمبرؐ کا وصیت لکھنے کے لئے کاغذ اور قلم طلب کرنا (11ھ)

چھبیسواں دن

ستائیسواں دن

پیغمبرؐ کا اسامہ بن زید کو رومیوں کے خلاف جنگ پر بھیجنا (11ھ)

صلاح الدین ایوبی کی وفات (589ھ)

ابوالمعالی کلباسی اصفہانی کی وفات (1315ھ)

آیت اللہ سید عبدالاعلی موسوی سبزواری کی وفات (1414ھ)

حجت الاسلام والمسلمین سید علی اکبرابوترابی کی وفات (1421ھ)

اٹھائیسواں دن

حضرت محمدؐ کی رحلت (11ھ)

امام علیؑ کی امامت کا آغاز (11ھ)

امام حسن مجتبیؑ کی شہادت (50ھ)

آیت اللہ محمد تقی ستودہ کی وفات (1420ھ)

انتیسواں دن

آیت اللہ ملا حسین علی تویسرکانی کی وفات (1286ھ)

آخر صفر

پیغمبرؐ کے قتل کے لئے قریش کا نقشہ (1ھ)

امام رضاؑ کی شہادت (203ھ)

حوالہ جات

عرفان و حکمت ویب سائیٹ

مآخذ

مسعودی، علی بن الحسین، مروج الذهب و معادن الجوهر، تحقیق، داغر، اسعد، قم، دار الهجرة، چاپ دوم، ۱۴۰۹ق.

حسینی خاتون آبادی، عبدالحسین، وقایع السنین و الاعوام، کتابفروشی اسلامیه، 1352ش.

سایت پورتال اهل بیتؑ 1

قمی، شیخ عباس، فیض العلام فی عمل الشهور و وقایع الایام، انتشارات صبح پیروزی.

مرعشی نجفی، سید محمود، حوادث الایام، انتشارات نوید اسلام، 1385ش.

ملبوبی، محمدباقر، الوقایع و الحوادث، انتشارات دارالعلم، 1369ش.

میرحافظ، سیدحسن، تقویم الواعظین، انتشارات الف، 1416ق.

نیشابوری، عبدالحسین، تقویم شیعه، انتشارات دلیل ما، 1387ش.